نمبر 4.11

ایگزیکٹیو آرڈر

ریاست نیویارک میں نگہداشتِ صحت کے عملے کی کمی کی وجہ سے پوری ریاست میں آفات کی ایمرجنسی کے اعلان کو جاری رکھنا

جبکہ، ہسپتالوں اور صحت کی دیگر سہولیات میں عملے کی کمی ہے اور یہ کمی برقرار رہنے کی توقع ہے؛

جبکہ، ہسپتالوں اور دیگر نگہداشت صحت کی سہولت گاہوں میں شدید کمی کی وجہ سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ فوری نگہداشت فراہم کرنے اور شدید زدپذیر آبادیوں کی خاطرخواہ خدمت کرنے کی صلاحیت کو متاثر کرتے رہیں گے؛

جبکہ، عملے میں اضافے کی فوری اور اہم ضرورت ہے تاکہ نگہداشت صحت کی سہولت گاہوں کی جانب سے نگہداشت کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے؛

اب، اسی لیے، میں، Kathy Hochul، ریاست نیویارک کی گورنر، نیویارک کی ریاست کے آئین اور ایگزیکیٹو قانون کے آرٹیکل 2-B کے سیکشن 28 کی جانب سے مجھے تفویض کردہ اختیارات کی رو سے، ریاست میں آفت کی ایمرجنسی میں توسیع کرتی ہوں جیسا کہ ایگزیکٹیو آرڈر 4 میں طے شدہ ہے، جو کہ ایگزیکٹیو آرڈر 4.10 میں جاری ہے، اور 28 اگست، 2022 تک ایگزیکٹیو آرڈر 4 اور اس کے بعد آنے والے آرڈرز کی شرائط، حالات، اور معطلیوں کو جاری رکھتی ہوں۔

سال دو ہزار بائیس میں جولائی کے اس انتیسویں دن البانی شہر میں

میرے دستخط اور مہر شاہی کے تحت صادر کیا

گیا۔

منجانب گورنر

سیکرٹری از گورنر